29/03/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں ماحولیات کے موضوع پر قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی ۔ اس دو روزہ کانفرنس میں ماحولیاتی ماہرین ، منصوبہ ساز اور رضاکار موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لئے لائحہ عمل کی ترتیب پر تبادلہ خیال کریں گے ۔ اس کانفرنس کا اہتمام نیشنل گرین Tribunal نے کیا ہے ۔

گلیشئر

موسمیاتی تبدیلی کے باعث جموں کشمیر کے ہمالیائی خطے میں گلیشئروں کے پگھلنے کے خطرے کو مدِ نظر رکھتے ہوئے سرکار نے ایک جامع اور فعال حکمت عملی اپنائی ہے ۔

ان خطرات سے پیدا ہونے والی امکانی صورتحال کا مقابلہ کرنے کے لئے حکومت نے Glacier Lake Out Burst کمیٹی تشکیل دی ہے ۔ اس کمیٹی نے حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے مموثر حکمت عملی ترتیب دینے کے لئے اب تک مختلف جھیلوں کی صورتحال کا مشاہدہ کیا ہے ۔

ایوارڈ

ٹورازم سروے اینڈ ایوارڈس Today جموں کشمیر کے معروف سیاحتی مقام گلمرگ کو ”انڈیا ایوارڈ Editors Choice زمرے میں Instagramable 2025 “ کی جانب سے سب سے زیادہ سے نوازا گیا ہے ۔

اس سلسلے میں نئی دلی میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس دوران سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے جموں کشمیر کو یہ اعزاز عطا کیا ۔ جموں کشمیر کی جانب سے یہ ایوارڈ امور نوجوان اور کھیلوں کے وزیر ستیش شرما نے حاصل کیا ۔ انہوں نے کہا کہ سیاحتی منظر نامے کو فروغ دینے کے لئے سنجیدہ اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے گورنمنٹ میڈیکل کالج اسپتال جموں کا دورہ کر کے وہاں کٹھوعہ جھڑپ میں زخمی ہوئے پولیس اہلکاروں کی عیادت کی ۔ انہوں نے اسپتال انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ زخمیوں کو علاج و معالجے کی بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کریں۔

اس دوران نائب وزیراعلیٰ نے کھور R.S پورہ میں گردوارہ شہید بابا دیپ سنگھ جی میں سالانہ گُرمٹ سماگم اور جوڑ میلہ میں شرکت کی ۔

ہینڈی کرافٹس

ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم محکمے نے پشمینہ ٹیسٹنگ اینڈ کوالٹی سرٹفکیشن سینٹر کو اعلیٰ معیار کے ڈیجیٹل Microscope نظام سے لیس کر کے اس مرکز کو اپگریڈ کیا ہے ۔

اس سہولت کی دستیابی کا بنیادی مقصد بازاروں میں نقلی اور غیر معیاری دستکاری اشیاءکی خرید و فروخت پر روک لگانا ہے ۔ اس نظام کے بارے میں تفصیلات دیتے ہوئے ڈائریکٹر ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم کشمیر مسرت اسلام نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

---------

کا بینہ

وزیر اعظم نریندر مو دی کی صدارت مینمنعقدہ مرکزی کا بینہ کی میٹنگ میں مرکزی ملازمین اور پنشنروں کے حق میں یکم جنوری 2025 سے دو فیصد اضافی مہنگائی بھتے کو منظوری دی گئی۔

کا بینہ نے الیکٹرانکس کمپوننٹ مینوفیکچرنگ سکیم کو بھی منظوری دی جس کا مقصد بھارت کو الیکٹرانکس سپلائی چین میں آتم نربھر بنانا ہے۔

NDMA

مختلف مقامات پر عوامی اجتماعات کے دوران کسی بھی طرح کے حادثے کو روکنے کے لئے نیشنل ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی نے رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔ اس سلسلے میں عام لوگوں اور متعلقہ حکام سے ان رہنما خطوط پر مکمل عمل در آمد کرنے کی تلقین کی گئی ہے ۔

## منشیات

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے شوپیا ن میں مشتاق ٹھوکر اور بشارت علی نامی دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے ۔ ان کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار بر آمد کی گئی ہے ۔

## IPL

انڈین پریمئیر لیگ IPL میں کل چنئی میں کھیلے گئے ایک میچ میں رائل چیلنجرز بنگلورو نے چنئی سپر کنگس کو پچاس رنز سے شکست دی ۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے رائل چیلنجرز بنگلورو نے مقررہ بیس اوورس میں سات کھلاڑیوں کے نقصان پر 196 رن سکور کئے ۔ جواب میں چنئی سپر کنگس کی ٹیم بیس اوورس میں فقط 146 رنز بنا سکی جبکہ اس کے آٹھ کھلاڑی آوٹ ہو گئے ۔

لیگ کے ایک اور میچ میں آج گجرات ٹائٹنز ا مقابلہ ممبئی انڈننز سے ہوگا ۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے احمد آباد میں شروع ہو گا۔

## درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 2 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ